سعید احمد اکبرآبادی

تبصرے

گلہائے فکر از ڈاکٹر اسمار سعیدی ایم - اے - بی ایڈ - پی ، ایچ - ڈی (علیگ)
تقطیع متوسط ضخامت پانچ سو صفحات - طباعت و کتابت اعلیٰ قیمت مجلد پچاس روپئے - پتہ : مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی - ۶

ڈاکٹر اسمار سعیدی اردو کے مشہور اور صاحب طرز شاعر جناب بسمل سعیدی کی دختر نیک اختر اور ٹونک کا ایک اعلیٰ خاندان جو اپنے ذوقِ علمی و ادبی کے لئے مشہور ہے اوس کی چشم و چراغ ہیں - اس لئے شعر و ادب کا ذوق انہیں ورثہ میں ملا ہے، پھر اون کی خود اپنی محنت و ریاضت اور مطالعہ اور والد مرحوم کی تربیت اور اصلاح ! ان دونوں چیزوں نے ملکر اس موروثی ذوقِ شعر کو پروان چڑھایا اور عروج پر پہونچایا - چنانچہ اب وہ صف اول کی شاعرہ ہیں اور اون کے کلام نے نامور شاعروں ادیبوں اور نقادوں سے خراج تحسین حاصل کیا ہے - یہ کتاب انہیں کا مجموعہ کلام ہے، اگرچہ وہ طبعاً غزل کی شاعرہ ہیں اور اس میں اون کا اپنا ایک خاص آہنگ اور طرز ہے جس میں شعور ذات اور احساس زندگی کے ساتھ درد و کرب اور سوز و گداز پنھاں بھرا ہوا ہے اور اس کی وجہ سے غزلیں تیر و نشتر اور دشنہ در آستین بن گئی ہیں - لیکن اون کو قدرت تمام اصنافِ سخن پر ہے ، چنانچہ اس مجموعہ میں ایک سو بیندرہ غزلوں کے علاوہ نثر نظمیں اور چند رباعیات و قطعات بھی شامل ہیں - پھر نظمیں بھی کافی متنوع ہیں - ان میں مدحیہ اور بیانیہ نظمیں بھی ہیں اور مرثیے بھی ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی قوت مشاہدہ دقیقہ رس - تخیل بلند اور اظہار و بیان

پر قدرت کاملہ حاصل ہے - وہ طرز قدیم کی شاعرہ ہیں - آج کل کی ترقی پسند اور جدید شاعری کے اسلوب اور آہنگ سے اون کا کلام مبرا ہے ۔ لیکن اس طرز میں بھی انھوں نے اپنی انفرادیت کو باقی رکھا ہے - اس بنا پر اون کی غزلوں پر غزلِ میر کے جدید اڈیشن کا گمان ہوتا ہے، شاعروں کو عام طور پر تحقیق سے واسطہ نہیں ہوتا لیکن ان کا کمال یہ ہے کہ وہ میدان تحقیق کی شہسوار بھی ہیں، انھوں نے حسرت عظیم آبادی کے دیوان کو بڑی محنت تفحص و تلاش اور تحقیق سے اڈٹ کر کے علی گڈھ سے پی، ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے اس کے علاوہ کتاب کے مقدمہ میں انھوں نے اپنے خاندان کی مبسوط و مفصل جو تاریخ قلمبند کی ہے وہ خود ایک تحقیقی کارنامہ ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام و بہرہ اندوز ہوں گے ۔

بیان ملکیت وتفصیلات متعلقہ برہان دہلی

(فارم چہارم قاعدہ ۸)

(۱) مقام اشاعت: اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶

(۲) وقفہ اشاعت: ماہانہ

(۳) طابع کا نام: حکیم مولوی محمد ظفر احمد خاں شاہجہان پوری

قومیت: ہندوستانی

سکونت: ۱۳۶ ۴ اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶ -

(۴) ناشر کا نام: حکیم مولوی محمد ظفر احمد خاں شاہجہان پوری -

(۵) اڈیٹر کا نام: مولانا سعید احمد اکبر آبادی

قومیت: ہندوستانی -

سکونت: عقب بال برادری ڈگی روڈ علی گڈھ (یو- پی)

ملکیت: ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

میں محمد ظفر احمد خاں ذریعہ ہذا اقرار کرتا ہوتا ہوں کہ مندرجہ بالا تفصیلات میرے علم اور اطلاع ویقین کے مطابق درست ہیں ۔

دستخط ناشر

محمد ظفر احمد خاں